شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان
36-کے، ماڈل ٹاؤن لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

30 ستمبر 2023ء

پریس ریلیز

خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں خودکش حملے بدترین درندگی ہے۔ (شجاع الدین شیخ)

لاہور (پ ر): خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں خودکش حملے بدترین درندگی ہے۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کہی۔ اُنہوں نے کہا کہ ایک ہی دن میں پاکستان کے دو صوبوں میں دہشت گردی کے بدترین واقعات کا وقوع پذیر ہو جانا انتہائی تشویش ناک ہے۔ بلوچستان کے ضلع مستونگ میں ایک مذہبی جلوس میں دہشت گرد دھماکہ سے 50 سے زائد افراد شہید اور 70 زخمی ہوئے۔ خیبر پختونخوا کے شہر ہنگو میں ایک مسجد میں نمازِ جمعہ کے دوران 2 خودکش دھماکوں میں 5 افراد شہید اور درجنوں زخمی ہوئے۔ اُنہوں نے کہا کہ دہشت گردی کا ارتکاب کر کے عوام الناس اور سیکورٹی اہلکاروں کو شہید و زخمی کرنے والے درحقیقت صرف پاکستان ہی نہیں، انسانیت کے دشمن ہیں۔ اُنہوں نے کہا کہ حکومت اور ریاستی اداروں کو غور و فکر کرنے کی ضرورت ہے کہ برسوں کی قربانیوں اور تگ ودو کے بعد جب دہشت گردی پر کافی حد تک قابو پا لیا گیا تھا تو آج اس فتنہ نے دوبارہ سر کیوں اُٹھا لیا ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ دہشت گردی کی اس نئی انتہائی خطرناک لہر میں ملوث مجرم اور اندرونی و بیرونی سطح پر اُن کے سہولت کار اور پشتی بان، پاکستان میں دہشت گردی کا سلسلہ مسلسل جاری رکھنے کے منصوبہ پر عمل کر رہے ہیں۔ اُنہوں نے سوال اُٹھایا کہ سیکورٹی کے حوالے سے اتنی بڑی غفلت کیسے ہو گئی کہ بارود سے لیس خودکش حملہ آور مسجد اور جلوس میں بلا روک ٹوک داخل ہو گئے۔ حکومتِ پاکستان فوری طور پر دہشت گردی کی ان وحشیانہ وارداتوں میں ملوث تمام مجرموں اور اُن کے اندرونی و بیرونی سہولت کاروں کو کیفرِ کردار تک پہنچائے۔ ہمیں یہ نہیں بھولنا چاہیے کہ ماضی میں بھی امریکہ اور بھارت کی پشت پناہی سے دہشت گرد گروہ پاکستان کو نقصان پہنچاتے رہے ہیں۔ آخر میں اُنہوں نے شہداء کی مغفرت اور زخمیوں کی جلد صحت یابی کے لیے دعا کی۔

جاری کردہ

ایوب بیگ مرزا

مرکزی ناظم نشرواشاعت، تنظیم اسلامی پاکستان

TANZEEM-E-ISLAMI

<u>PRESS RELEASE</u>: 30 September 2023

"Suicide attacks in Khyber Pakhtunkhwa and Balochistan are terrible atrocities."

(Shujauddin Shaikh)

Lahore (PR): Suicide attacks in Khyber Pakhtunkhwa and Balochistan are terrible atrocities. This was said by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Shujauddin Shaikh**, in a statement. He said that agonizing incidents of terrorism occurring in two of Pakistan's provinces on the same day is extremely worrying. More than 50 people were martyred, alongside 70 injured, in a suicide bombing during a religious gathering in Balochistan's Mastung district. In two successive suicide bombings during a Jumma congregation in KPK's city, Hangu, 5 people were martyred with dozens injured. He said that those responsible of killing and injuring the general public and security personnel through terrorism are not only enemies of Pakistan, but of humanity as a whole. He further said that the government and state institutions must focus on deducing the reason why this phenomenon is resurfacing after it had been mostly curbed through years of sacrifice and struggle. He said that the criminals and their internal and external supporters and backers involved in this new, extremely dangerous wave of terrorism are acting according to an agenda of perpetual perpetration of terrorism in Pakistan. He questioned the careless neglect observed in terms of security and how suicide bombers armed with explosives entered the mosque and the gathering without interruption. The government of Pakistan should serve swift justice to the perpetrators of these inhumane incidents, as well as their internal and external backers. We must not forget that terrorist organizations backed by the US and India have damaged Pakistan in the past as well. He concluded by praying for the forgiveness of the martyrs and swift recovery of those injured.

Issued by:
Ayub Baig Mirza
Nazim Nashr o Ishaat
Markazi Anjuman Khuddam-ul-Quran Lahore